شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

23مارچ2025ء

پریس ریلیز

آیئے ہم رمضان المبارک میں توبہ کر کے اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور جہنم سے برأت کے امیدوار بن جائیں۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): آیئے ہم رمضان المبارک میں توبہ کر کے اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور جہنم سے برأت کے امیدوار بن جائیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی مناسبت سے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے تیسرے عشرہ کو ایک حدیث مبارکہ میں جہنم سے برأت کی گھڑیاں قرار دیا گیا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم رمضان المبارک کے دوران دن کے صیام اور رات کے قیام کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کریں، اس کے حضور توبہ کریں اور گڑگڑا کر اپنے سابقہ گناہوں کی معافی مانگیں۔ انہوں نے کہا کہ آج مملکتِ خداداد پاکستان میں سودی لین دین کا دور دورہ ہے، ٹرانس جینڈر جیسے قبیح قانون کی آڑ میں ہم جنس پرستی اورفحاشی وعریانی کی دیگر اقسام کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ حقوق اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی میں کوتاہیاں عام ہیں۔ جھوٹ، خیانت اور وعدہ خلافی، بداخلاقی اور کرپشن جیسے بدترین گناہوں عام ہیں۔ پھر یہ کہ اشرافیہ اور عوام دونوں رزقِ حلال و طیب کو چھوڑ کر مالِ حرام کے اسیر ہو چکے ہیں۔ الا ماشاء اللہ۔ امیر تنظیم نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم انفرادی اور اجتماعی سطح پر اپنے گناہوں سے توبہ کریں اور بڑے چھوٹے تمام منکرات سے تائب ہو جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے تمام مسائل کا حل دینِ اسلام کو قائم و نافذ کرنے اور اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جانے میں ہے۔ آخر میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں رمضان المبارک کے آخری عشرہ اور لیلۃ القدر کی بابرکت ساعتوں کے طفیل ہمیں باطل کے خلاف ڈٹ جانے کا عزمِ مصمم کرنے اور اقامتِ دین کی جدوجہد میں تن من دھن لگا دینے کی توفیق عطا فرمائے تاکہ اللہ تعالیٰ ہمیں معاف فرما دے، ہم سے راضی ہو جائے، ہمیں جہنم کی آگ سے نجات اور جنت الفردوس عطا فرمائے۔ آمین یا رب العالمین!

جاری کردہ
رضاءالحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

خلافتِ راشدہ کا نظام
تنظیمِ اسلامی کا پیغام

امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ
بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمد

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 23 March 2025

Let Us Repent in the Blessed Month of Ramadan and Seek Allah’s Forgiveness and Salvation from Hellfire

Lahore (PR): This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement marking the last 10 days of the blessed month of Ramadan. The Ameer said that, according to a noble Hadith, the last 10 days of Ramadan have been described as the moments of salvation from Hellfire. Therefore, we should strive to attain closeness to Allah *(SWT)* during this sacred month by observing the fasts during the day and standing in prayer during the nights. We must sincerely repent before Him, humbly seek forgiveness for our past sins, and supplicate with utmost devotion. He further remarked that in today’s Pakistan, interest-based financial transactions have become widespread. Under the guise of disgraceful laws such as the Transgender Act, practices like homosexuality, obscenity, and immorality are being promoted. Alongside neglecting the rights of Allah *(SWT)*, there is also widespread negligence in fulfilling the rights of fellow human beings. Deception, dishonesty, breach of trust, ill conduct, and corruption have become rampant. Furthermore, both the elite and the common people, with few exceptions, have abandoned lawful and pure sustenance in favor of illicit wealth. The Ameer emphasized that it is imperative for us to repent from our sins at both individual and collective levels and completely abandon all forms of wrongdoing, whether major or minor. The ultimate reality is that the solution to all our problems lies in the establishment and implementation of Islam and in embracing it wholeheartedly. In conclusion, he prayed that may Allah *(SWT)*, through the blessed moments of the last ten days of Ramadan and the Night of Decree (Laylatul Qadr), grants us the firm resolve to stand against falsehood and the commitment to dedicate our lives, wealth, and efforts for the establishment of His religion. May Allah *(SWT)* forgive us, be pleased with us, grant us salvation from Hellfire, and bless us with Jannat-ul-Firdous. Ameen, O Lord of the worlds!

Issued by:
Raza ul Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat